سوال

(577) کیاایسی حالت میں زید پر زکواۃ فرض ہے یانہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کے پاس زمین مال مویشی پیدائش زمین داری زیورات وغیرہ ملکیت میں ہیں۔ اوراس پر قرضہ ہے۔ اگر زمین غیر متحرک ملیکت) علیحدہ کردی جائے تو قرضہ زیادہ ہوجاتا ہے۔ اگر زمین ساتھ ملالیجاتی ہے۔ تو ملیکت زیادہ ہوجاتی ہے۔ کیاایسی حالت میں زید پر زکواۃ فرض ہے یا نہیں؟ (علی محمد خان افغان خریدار)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بہتر یہ ہے کہ زمین کوالگ رکھ کر اس کی زکواۃ عشر یا نصف عشر ادا کی جائے۔ باقی کو قرضہ میں محسوب کرلویا جو مناسب سمجھو۔ ایسے امور کے متعلق حدیث شریف میں آیا ہے: "استفت قلباک" ''اپنے دل سے فتویٰ پوچھ''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص738

محدث فتویٰ